Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں غزہ میں جنگ بندی کی قرارداد کی منظوری پر ردعمل

رمضان المبارک کے دوران غزہ میں فوری جنگ بندی اور شہریوں کے تحفظ کیلئے سلامتی کونسل کی قرارداد پر فوری عمل درآمد کا مطالبہ

اقوام متحدہ اور عالمی برادری غزہ پر منظور کی گئی قرارداد کی روشنی میں اسرائیل کے ہاتھوں فلسطینیوں کی بہیمانہ نسل کشی رکوانے کیلئے بھرپور کردار ادا کرے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف اہلِ فلسطین کی اصولی جدوجہد کی بھرپور حمایت کرتی اور اسرائیل کو جنگی جرائم کی مرتکب ایک ناجائز ریاست تصور کرتی ہے، ترجمان تحریک انصاف

حکومتِ پاکستان خوراک و ادویات سمیت دیگر امدادی سامان کی غزّہ تک ترسیل یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن وسیلہ اور ذرائع بروئے کار لائے، ترجمان تحریک انصاف

اسرائیل جیسی دہشت گرد ریاست کی خوشامد کی بجائے اہلِ عالم انسانی اقدار اور عالمی قوانین کی روشنی میں فلسطینیوں کے حقوق کی ضمانت فراہم کرے، ترجمان تحریک انصاف

مسئلے کے مؤثر اور مستقل حل کیلئے بلاتاخیر اقدامات اٹھائے جائیں اور اہلِ فلسطین کی امنگوں کی روشنی میں اسے حل کیا جائے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ